سوتے ہوئے رو پڑنا: اگر بچہ سوتے ہوئے رو اٹھے تو سمجھ لیجیے کہ وہ بدہضمی سے خواب دیکھتا ہے۔آپ اس کو شہد چند روز تک چٹائیں۔بدہضمی دور ہو کر خواب میں ڈرنا اور سوتے ہوئے اٹھنے کی شکایت موقوف ہو جائے گی۔

ملیریا بخار: شہد دو تولہ پانی میں حل کر کے صبح و شام پلاتے رہیں، نیز بدن پر تیل کی مالش کراتے رہیں، اگر قبض ہو تو پہلے مسہل لے لیں۔اگر اس نسخے میں فی خوراک قلمی شورہ ایک ماشہ اضافہ کیا جائے تو اس سے فائدہ جلد ہوتا ہے۔

میعادی بخار (ٹائیفائیڈ): شہد اس بخار میں بہت مفید ہے۔**ھو الشافی:** جب مریض بھوک محسوس کرے تو دو چھوٹے بڑے چمچے شہد کے نیم گرم دودھ میں ملا کر پلا دیا کریں۔میعادی بخار کے لیے اکسیر ہے۔[خواص شہد۔حکیم عبداللہ جہانیاں]

قبض: ھو الشافی: قبض دور کرنے کے لیے بچوں کو نمک سیاہ استعمال کرائیں۔[خواص نمک]

کان کا ورم: اس ورم سے بالعموم بچے کو بخار ہو کر بہت دکھ پہنچتا ہے۔

ھو الشافی: کچے دودھ کی تکمید کریں (سینکنا،ٹکور کرنا)۔ان شاء اللہ چند بار کی تکمید سے ورم وغیرہ اتر کر بخار بھی دور ہو جاتا ہے۔اگر اندرونی طور پر بھی کوئی دوا بخار اتارنے کے لیے دی جائے تو بہتر ہے۔[خواص دودھ۔حکیم عبداللہ]

بستر خراب کرنا: ایک سال کا بچہ مخصوص اشارے یا آواز سے اپنی حاجت کا اظہار کرتا ہے، جسے ہوشیار ماں سمجھ جاتی ہے۔ایسے موقع پر ہر کام کاج چھوڑ کر فوراً بچے کی مدد کے لیے پہنچ جانا چاہئے۔

کبھی بچہ اندھیرے سے ڈر جاتا ہے، یا ڈراؤنا خواب دیکھ کر بستر خراب کرتا ہے اس صورت میں بچے کو بے قصور سمجھیے۔

بچے کو سلانے سے پہلے پیشاب ضرور کرا لیجیے، ورنہ وہ مجبوراً بے خیالی میں بستر پر پیشاب کر دیتا ہے۔

- سردی کی طویل راتوں میں بچے جاگ جاتے ہیں۔بیدار ہونے پر بھی پیشاب کرا لیا جائے۔
- شام سے سونے تک چائے، پانی کم سے کم مقدار میں پینے کو دیا جائے تو بہتر ہے۔
- بالفرض بچے نے پیشاب کر لیا ہے تو اُس سے مذاق نہ کیجیے۔
- کچھ سمجھدار ہونے پر صفائی ستھرائی کی تلقین کیجیے۔
- بچپن میں عضلات کمزور ہونے کی وجہ سے بھی پیشاب نکل جاتا ہے۔اگر کچھ عمر آنے کے بعد بھی یہ شکایت باقی رہے تو معالج سے رجوع کیجیے۔

جامعہ میں عازمین حج کے لیے ایک روزہ تربیتی پروگرام (اللھم لبیک) منعقد کیا گیا۔
مجلس عاملہ جمعیت اہل حدیث بلتستان کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں جماعتی امور کے علاوہ گلگت بلتستان میں منعقد ہونے والے الیکشن کے حوالے سے غور وخوض کیا گیا۔
امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان جناب پروفیسر سینیٹر حافظ ساجد میر صاحب اور ناظم دعوت وتبلیغ مولانا عبدالرشید حجازی صاحب سہ روزہ دورے پر بلتستان تشریف لائے۔
جناب پروفیسر سینیٹر حافظ ساجد میر صاحب کے اعزاز میں ایک عظیم الشان جلسہ منعقد کیا گیا، اساتذہ وطلباء کے علاوہ غواڑی، کورو، کریس، کھرفق، بلغار اور تھلے سے بہت سے عوام شریک ہوئے۔ اس عوامی اجتماع سے دونوں مہمانوں اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار جناب حاجی محمد ابراہیم ثنائی نے خطاب کیا۔ بعد نماز عصر مدرسۃ نصرۃ الاسلام کریس میں ایک جلسہ منعقد کیا گیا۔
پروفیسر حافظ ساجد میر صاحب نے موضع بلغار میں جلسہ عام سے خطاب کیا۔ اس کے بعد جامع مسجد اہلحدیث خپلو کا افتتاح فرماتے ہوئے خطاب کیا۔ اس موقع پر منعقد ہونے والے جلسے میں علماء کرام، سیاسی زعماء اور مختلف مکاتب فکر کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔
بعد نماز مغرب جامع مسجد یوگو میں خطاب فرمایا۔
وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات اور قائم مقام گورنر گلگت بلتستان جناب قمر الزمان کائرہ دورہ بلتستان کے موقع پر غواڑی تشریف لائے اور فارم توحید آباد میں جمعیت اہلحدیث بلتستان کے قائدین سے تبادلہ خیالات کیا۔ جناب موصوف کے ساتھ پارٹی کے اہم کارکنان شامل تھے۔
جمعیت طلباء جامعہ کا اختتامی جلسہ زیر صدارت الشیخ عبدالواحد صاحب مدیر عام جامعہ دارالعلوم بڑی شان وشوکت کے ساتھ منعقد ہوا۔ مہمان خصوصی ڈاکٹر محمد عارف عبدالحکیم صاحب تھے۔ چیدہ چیدہ اساتذہ کرام اور طلباء نے خطاب کیا۔